Bahria University Library Islamabad

Source: The News Thursday May 21, 2026

20 internships for students at Media Fest announced

Islamabad

Federal Parliamentary Secretary for Information and Broadcasting, Barrister Danyal Chaudhry, has said that media is not an ordinary profession but a sacred national trust, stating that nations which wield truth as their weapon are the ones who write history.

Addressing the inaugural ceremony of Media Fest Spring 2026 at Bahria University Islamabad as the chief guest, he announced 20 internship positions for Bahria University students, reaffirming that bringing youth into the practical professional arena remains a top government priority.

Barrister Danyal highlighted that in an era flooded with misinformation and negative narratives, responsible and conscientious journalism is nothing short of a revolution. "A single truthful and honest news story has the power to transform the thinking of an entire nation".

Acknowledging the dedication of media students, he noted that several alumni of Bahria University are already serving in prominent roles at major television channels and public media organisations. He praised platforms such as Media Fest for providing young people with opportunities for new ideas, creative thinking, and positive expression.

سچ کو ہتھیار بنانے والی قوم ہی تاریخ لکھتی ہے، بیرسٹر دانیال

میڈیا کوئی عام پیشہ نہیں بلکہ قوم کی امانت ہے، ذمہ دارانہ صحافت انقلاب سے کم نہیں

اسلام آباد (ذوالفقار بیگ) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد کے طلبہ کیلیے 20 انٹرن شپس کا اعلان کر دیا، یہ اعلان انہوں نے یونیورسٹی میں منعقدہ میڈیا فیسٹ اسپرنگ 2026 کی افتتاحی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا، اپنے خطاب میں بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ میڈیا کوئی عام پیشہ نہیں بلکہ قوم کی امانت ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جو قوم سچ کو اپنا ہتھیار بناتی ہے، تاریخ بھی وہی لکھتی ہے، انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں جھوٹی اطلاعات اور منفی بیانیوں کا سیلاب ہے، ایسے حالات میں ذمہ دار اور باضمیر صحافت کسی انقلاب سے کم نہیں، ایک سچی اور دیانت دار خبر پوری قوم کی سوچ بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے، بیرسٹر دانیال چوہدری نے نوجوانوں کو عملی میدان میں آگے لانے کو حکومت کی ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا کہ بحریہ یونیورسٹی سے فارغ التحصیل کئی نوجوان آج بڑے ٹی وی چینلز اور سرکاری میڈیا اداروں میں اہم خدمات انجام دے رہے ہیں۔

اسلام آباد، پارلیمانی سیکرٹری بیرسٹر دانیال چوہدری بحریہ یونیورسٹی کی تقریب میں تصویری نمائش کا دورہ کر رہے ہیں

بیرسٹر دانیال چوہدری کا بحریہ یونیورسٹی کے طلبہ کیلئے 20 انٹرن شپس کا اعلان

میڈیا کوئی عام پیشہ نہیں بلکہ قوم کی امانت ہے، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (اپنے سٹاف رپورٹر سے) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد کے طلبہ کے لیے 20 انٹرن شپس کا اعلان کر دیا۔ یہ اعلان انہوں نے یونیورسٹی صفحہ 6 پر بقیہ نمبر 24

سیدال خان سے مختلف وفود کی ملاقاتیں

اسلام آباد (خبرنگار) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے پارلیمنٹ ہاس اسلام آباد میں مختلف اہم شخصیات، سرکاری حکام، تعلیمی اداروں کے نمائندگان، سماجی وصحافتی صفحہ 6 پر بقیہ نمبر 21

بقیہ 24 | بیرسٹر دانیال چوہدری

یونیورسٹی میں منعقدہ میڈیا فیسٹ اسپرنگ 2026 کی افتتاحی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اپنے خطاب میں بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ میڈیا کوئی عام پیشہ نہیں بلکہ قوم کی امانت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جو قوم سچ کو اپنا ہتھیار بناتی ہے، تاریخ بھی وہی لکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں جھوٹی اطلاعات اور منفی بیانیوں کا سیلاب ہے، ایسے حالات میں ذمہ دار اور باضمیر صحافت کسی انقلاب سے کم نہیں۔